## سوال

(63)جس گھڑی میں تصویر ہو اسے پہنے ہوئے نماز کا حکم ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض گھڑیوں کے اندر بعض جانداروں کی تصویریں ہوتی ہیں ایسی گھڑی پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے ؟ یا اگر صلیب کی تصویر ہو تو نماز ہوگی یا نہیں ؟

ابراہیم ۔ س ۔ منطقہ ۔ الجنوب

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب تصویر گھڑی کے اندر چھپی ہوئی ہو، جو دیکھی نہ جا سکتی ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں... مگر جب تصویر گھڑی کے باہر کی طرف ہو یا کھولنے سے نظر آ جاتی ہو تو نماز جائز نہ ہوگی جیسا کہ آپ ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

((لاتدَعْ صُورۃ اِلاَّ طَمَسْتَھَا ۔))

''جو تصویر بھی دیکھو اسے مٹا دینا''

یہی صورت صلیب کی ہے جس گھڑی میںصلیب کی تصویر ہوگی اسے پہنے ہوئے نماز جائز نہ ہوگی ۔ الایہ کہ اسے کھرچ دیا جائے یا پینٹ وغیرہ سے مٹا دیا جائے ۔ جیسا کہ آپ ﷺ سے ثابت ہے کہ :

((أَنَّہ کان لایرَی شیئاً فیہ تَصْلیبٌ اِلاَّ نقضَہ ۔ وفی لفظٍ : اِلاَّ قَضَبَہ ۔))

''آپ ﷺ جو چیز بھی دیکھتے جس میں صلیب کا نشان ہوتا آپ ﷺ اسے توڑ دیتے اور ایک روایت یہ لفظ ہیں ۔ آپ ﷺ اسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ دارالسلام

**ج1**

محدث فتویٰ